زبان میری ہے بات اُن کی

ساغر اقبالی

☆مستعفی ہونے والے سیکرٹری قانون بیمار ہیں۔(اٹارنی جنرل)
عدالت طلب نہ کرتی تو بیمار نہ ہوتے۔(جسٹس خواجہ فیاض)

☆صدر زرداری نے جمشید دستی کو ٹکٹ دے کر ثابت کر دیا کہ پیپلز پارٹی غریب مزدور کی پارٹی ہے۔(حامد سعید کاظمی)
ارب پتی صدر کی غریب پارٹی......؟

''حکومت'' میں ہر اک نقشہ الٹا ہی نظر آتا ہے
مجنوں نظر آتی ہے، لیلیٰ نظر آتا ہے

☆حکومت غریب عوام کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔(وزیر اعظم گیلانی)
حکومت نے یکم اپریل سے بجلی ۶ فیصد مہنگی کرنے اور یکم جولائی سے ویلیو ایڈڈ ٹیکس کی یقین دہانی کرا دی۔(ایک خبر)

☆ضمنی الیکشن میں جیالیوں اور متوالیوں میں ہاتھا پائی۔(ایک خبر)
ہم تو سمجھتے تھے کہ:

دنیا میں حکومت جو زنانی ہوتی
جنگ ہوتی تو بس زبانی ہوتی

☆آج بھی لوگ لٹیروں کو ووٹ دیتے ہیں۔(الطاف حسین)
سچ کہا آپ نے!

☆۵۲/ارکان اسمبلی ایف اے فیل نکلے۔(ایک خبر)
آگے آگے دیکھیے ہوتا ہے کیا

☆مشرف نے بطور صدر، چولستان میں ۱۲/ایکٹر اراضی کے لیے نمبرداری حاصل کی۔(ڈاکٹر وسیم اختر)
اُسے خبر نہیں کہ کفن میں کوئی جیب نہیں ہوتی۔

☆ضمنی الیکشن میں ملزم جیالا، ریوالور دینے والے اے ایس آئی سمیت گرفتار۔(ایک خبر)
کیا فرماتے ہیں بابر اعوان بیچ اس مسئلہ کے